نائب صدر جمہوریہ کا دورۂ مراکش، (30 مئی سے 01 جون، 2016)

26 مئی، 2016 (آئی این ایس انڈیا)

معزز نائب صدر جمہوریہ جناب ایم حامد انصاری، محترمہ سلمیٰ انصاری کے ساتھ مراکش حکومت کے سربراہ عزت مآب جناب عبد اللہ بینکیرانے کی دعوت پر 30 مئی سے 01 جون، 2016 تک کے لئے مراکش کے دورے پر جائیں گے۔ ان کے ساتھ کیمیکل اور فرٹیلائزر محکمے کے وزیر مملکت، جناب ہنس راج گنگارام اہیر، چار ارکانِ پارلیمنٹ، سینئر آفیسرز اور میڈیا کے رکن بھی جائیں گے۔

اس سفر کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان خوشگوار تعلقات کو مضبوط کرنا، دوطرفہ اقتصادی تعاون کو ترقی دینا، تنوع لانا اور مشترکہ مفاد کے معاملات پر تعاون اور شراکت داری کے نئے راستے تلاش کرنا ہے۔

اس سفر کے دوران معزز نائب صدر کے ذریعہ عزت مآب بادشاہ محمد ششم اور عزت مآب وزیر اعظم عبد اللہ بینکیرانے کے ساتھ رباط میں تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ مراکش پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے صدر اور مراکش کے خارجی امور کے وزیر اور کوآپریٹو محکمہ کے وزیر نائب صدر سے ملاقات کریں

گے۔ مراکش کے دورے کے دوسرے مرحلے میں معزز نائب صدر مراکیش شہر کا دورہ کریں گے، جس

کی میزبانی مراکیش کے گورنر کی جانب سے کی جائے گی۔

نائب صدر اور مراکش کے وزیر اعظم مشترکہ طور پر رباط میں ہندوستان۔ مراکش چیمبر آف کامرس اینڈ

انڈسٹری کا افتتاح کریں گے، جہاں ہندوستانی کمیونٹی کے رکن ان کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

اپنے اس سفر کے دوران نائب صدر معروف دانشوروں اور مراکش کے اماموں کے ساتھ ملاقات کریں

گے۔ ساتھ ہی رباط میں محمدوی یونیورسٹی میں خطبہ بھی پیش کریں گے۔

نئی دہلی

مئی 26، 2016